# سوالات

**سوال** قبلا کس بنا پر منصوب ہے؟

**جواب** حال ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔

**سوال** اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ ہم نے ہر نبی کے لیے مخالف بنایا اس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** یعنی انبیاء کرام علیہم السلام کو یہ آزمانے کا سبب ہوگا۔ جیسے ثابت قدمی' صبر اور اس پر کثرت ثواب دیا جائے گا۔

**سوال** برے دوست کی مذمت پر کوئی حدیث پاک بیان کریں۔

**جواب** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برے دوست جنوں کے شیاطین سے بھی زیادہ ناپسندیدہ ہیں۔

**سوال** اضطراری حالت میں جب حلال چیز کھانے کی اجازت نہ ہو تو حرام کھا سکتے ہیں' اس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** یعنی انتہائی شدید بھوک و پیاس کا ہونا جس سے جان جانے کا خطرہ ہو تو بقدر ضرورت کھا پی سکتے ہیں۔

**سوال** شرح صدر کسے کہتے ہیں؟ **جواب** دل کا روشن ہو جانا اور وسعت پیدا ہونا۔

**سوال** کسی شخص کو ہدایت ملنے اور دل کے روشن ہونے کی کیا علامت ہیں؟

**جواب** آخرت کی تیاری کرنا' دنیا سے کنارہ کش ہونا' موت کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرنا۔

**سوال** لفظ یصعد کو کتنے طریقوں سے پڑھا گیا ہے؟

**جواب** یصعد صاد کے ساکن ہونے کے ساتھ' یصاعد اور یصعد صاد اور دال کی تشدید سے۔

**سوال** کسی کو ہدایت اور گمراہی ملنا کیا اللہ تعالیٰ کے ارادے و مشیت سے ہوتا ہے؟ **جواب** جی ہاں!

**سوال** دار السلام سے کیا مراد ہے؟ **جواب** اللہ تعالیٰ کا گھ یعنی جنت کا ہونا یا اس سے تعظیم والا اسلام مراد ہے۔

**سوال** کیا جنوں کی طرف بھی رسولوں کو بھیجا گیا تھا؟

**جواب** جی ہاں! لیکن بعض نے کہا ہے کہ یہ رسولوں کا آنا صرف انسانوں کے ساتھ خاص ہے۔

**سوال** کیا جنات کو بھی نیک اعمال کی جزاء ملے گی؟ **جواب** جی ہاں!

**سوال** حجر کسے کہتے ہیں؟ **جواب** یہ بمعنی حرام کے ہے۔ اور یہ فِعْلٌ کے وزن پر بمعنی مفعول کے ہوگا۔

**سوال** خالصة میں تاء کس معنی کے لیے ہے؟ **جواب** یہ مبالغہ کے معنی میں ہے۔

**سوال** زوج کے کیا معنی ہیں؟ **جواب** ایک ہی جنس کے دو چیزوں میں ہر ایک کو زوج یعنی جوڑا کہتے ہیں۔

**سوال** جملہ معترضہ کا کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ **جواب** اس کی وجہ سے کلام میں تاکید کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

**سوال** ذبح شدہ جانور کا کون سا خون حرام نہیں ہوتا؟ **جواب** وہ خون جو گوشت' کلیجی اور تلی میں ہوتا ہے۔

**سوال** لفظ هَلُمَّ کی وضاحت کریں۔

**جواب** یہ اسم فعل بمعنی امر کے ہے اور واحد' جمع' مذکر مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**سوال** ولا تقربوا مال الیتیم الا بالتی ھی أحسن سے کیا مراد ہے؟

**جواب** یعنی یتیم جب تک نابالغ ہو تو اس کے مال کی حفاظت کی جائے۔

سوال الله تعالیٰ کے عہد سے کیا مراد ہے؟

جواب میثاق کا دن یا احکامات وممنوعات میں پیروی کرنا اور منت وقسم کے وعدوں کو پورا کرنا ہے۔

سوال یاتی ربك کا کیا مطلب ہے؟

جواب اس میں مضاف لفظ "أمر" محذوف ہے یعنی "أمر ربك" تمہارے رب عزوجل کا حکم اور وہ عذاب ہے یا قیامت کا دن ہے۔

سوال **قیامت کی مخصوص بڑی علامات ظاہر ہونے کے بعد ایمان لانا قابل قبول نہیں ہوگا؟**

جواب یہ اس لیے کہ وہ ایمان اختیاری طور پر نہیں ہوگا بلکہ اپنے آپ سے عذاب وتکلیف کو دور کرنے کی وجہ سے ہوگا۔

سوال الی صراط مستقیم دیناً میں "دینا" ترکیب کلام میں کیا واقع ہے؟

جواب یہ الی صراط مستقیم سے محلاً بدل واقع ہے۔

سوال لفظ نسک کے کیا معنی ہیں؟ جواب یہ مطلقاً عبادت کو یا اس سے مراد حج اور قربانی کرنا ہے۔

سوال ولا تزر وازرۃ وزر أخری کا مفہوم بیان کریں۔

جواب یعنی ایک جان دوسری جان کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گی۔

سوال **فجاءھا بأسنا بیاتا أو هم قائلون اس میں عذاب آنے کے اوقات رات اور دوپہر کیوں خاص کیے گئے ہیں؟**

جواب کیونکہ یہ دونوں غفلت کے اوقات ہیں۔ تو عذاب کا آنا ان اوقات میں زیادہ ہولناک ہے۔

سوال معایش کسے کہتے ہیں؟

جواب یہ معیشت کی جمع ہے اور اس سے مراد کھانے پینے کی اشیاء اور وہ تمام چیزیں ہیں جو ضروریات زندگی ہیں۔

سوال اذ أمرتك کس بات پر دلیل ہے؟

جواب اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ بیشک امر وجوب کے لیے آتا ہے۔

سوال **آگ اور مٹی میں کون سی خصلتیں ہیں؟**

جواب آگ میں حرارت، تیزی اور بلندی کی اور مٹی میں عجز، بڑھوتری، آگ بجھانے کی خصلتیں ہیں۔

سوال فاهبط منها میں ھا ضمیر سے کیا مراد ہے؟ جواب جنت یا آسمان۔

سوال **شیطان و قیامت تک مہلت کیوں دی گئی؟**

جواب اس میں بندوں کا امتحان لینا مقصود ہے کہ وہ اس سے بچ کر اللہ تعالیٰ کی طرف جھکیں۔

سوال لفظ ویصل کی اصل کیا ہے؟ جواب یہ **واصل کی تصغیر ہے اور اس میں وویصل تھا۔**

سوال **حضرت آدم وحوا علیہما السلام نے کس درخت کو کھایا تھا؟** جواب گندم کے دانے یا انگور کے پھل کو۔

سوال لیبدی لهما ووری عنهما من سوءتهما یہ **فرمان کس بات پر دلالت کرتا ہے۔**

جواب اس بات پر کہ ستر عورت نہ ہونا انتہائی ناپسندیدہ عمل ہے اور ہمیشہ اس کو طبعاً برا سمجھا گیا ہے۔

سوال **یخصفان علیهما من ورق الجنة میں ورق سے کیا مراد ہے؟**

جواب یہ بمعنی پتا کے ہے اور انجیر یا کیلے کے پتے اس سے مراد ہیں۔

سوال ربنا ظلمنا أنفسنا وإن لم تغفر لنا وترحمنا لنكونن من الخسرين۔ **اس فرمان میں کس بات کی دلیل ہے؟**

جواب اس میں دلیل اس بات پر ہے کہ صغیرہ و کبیرہ گناہوں کی بخشش ہو جاتی ہے جبکہ معتزلہ کے ہاں صرف صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں۔

سوال حضرت آدم علیہ السلام کی تجہیز و تکفین کس نے کی تھی؟ جواب ملائکہ علیہم السلام نے۔

سوال حضرت آدم علیہ السلام کا مزار شریف کہاں ہے؟ جواب ہندوستان کے علاقے سرندیب میں ہے۔

سوال لباس التقویٰ سے کیا مراد ہے؟

جواب یعنی ایسا لباس جس سے صحیح ستر عورت حاصل ہو تو یہ متقی لوگوں کا لباس ہے۔

سوال انا جعلنا الشیطین اولیاء للذین لا یؤمنون کس بات پر دلالت کر رہی ہے؟

جواب تمام افعال اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔

سوال لفظ فاحشہ کے کیا معنی ہیں؟ جواب انتہائی ناپسندیدہ کام جو گناہوں میں سے شمار رہوتا ہے۔

سوال خذوا زینتکم عند کل مسجد کا کیا مطلب ہے؟

جواب یعنی جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرلو تو اس عبادت کے لیے صفائی ستھرائی' پاکیزگی کا اہتمام کرو جیسے خوشبو لگانا وغیرہ۔

سوال وَلا تسرفوا سے کیا مراد ہے؟

جواب اور تم حد سے آگے نہ بڑھو۔ یعنی اس طرح کہ حرام کاموں میں پڑنا یا بقدر حاجت کھانے پینے میں اضافہ کرنا۔

سوال بَغیٌ کے کیا معنی ہیں؟ جواب ظلم یا تکبر۔

سوال اِمّا اصل میں کیا ہے؟ جواب یہ اصل میں اِنْ ماتھا' اِن شرطیہ کا ''ما'' میں ادغام کر دیا گیا۔

سوال لا یدخلون الجنۃ حتی یلج الجمل فی سو الخیاط سے کیا مراد ہے؟

جواب یعنی کفار لوگ جنت میں کبھی بھی داخل نہیں ہوں گے۔

سوال لا تفتح لھم ابواب السماء کا مفہوم بیان کریں۔

جواب یعنی جو کفار ہیں ان کے نامۂ اعمال قبول نہیں ہوں گے اور نہ ہی مؤمنوں کی طرح ان کی روحیں اوپر جائیں گی۔

سوال مخیط اور خیاط کسے کہتے ہیں؟

جواب یہ بمعنی سوئی کے ہے۔ یعنی وہ چیز جس کے ذریعے سلائی والا کام کیا جائے۔

سوال اعراف کیا ہے؟

جواب یہ ایک حجاب ہے جو جنت و دوزخ کے درمیان ہے۔ اس میں وہ لوگ ہوں گے جن کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی یا مشرکین کے بچے ہوں گے۔

سوال قیامت کے دن مسلمان' کافر کی پہچان کیسے ہوگی؟

جواب مسلمانوں کے چہرے سفید' ہشاش بشاش ہوں گے۔ جبکہ کافروں کے چہرے کالے اور آنکھیں نیلی ہوں گی۔

سوال استوی علی العرش کے متعلق سلف وصالحین رحمہم اللہ علیہم کا کیا مؤقف تھا؟

جواب حضرت امام جعفر بن صادق' امام اعظم ابوحنیفہ' امام مالک علیہم الرحمۃ سے منقول ہے کہ استواء معلوم ہے اور اس کی کیفیت مجہول ہے اور اس پر ایمان لانا واجب ہے اس کا انکار کرنا کفر اور اس کے متعلق اعتراض کرنا بدعت ہے۔